© rasailojaraid.com



# تنقید و تبصرہ

۱۔ صحیح لغات القرآن } ناشر نور محمد کارخانہ تجارت کتب
۲۔ اساس عربی۔ } آرام باغ۔ فریر روڈ۔ کراچی

(۱) سائز $\frac{20 \times 30}{16}$، صفحات ۴۱۶، کتابت طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۲/ مولفہ مولانا محمد شہید الدین مرحوم۔

اس کتاب کو بنارس کے ایک اہلحدیث عالم مولانا محمد شہید الدین مرحوم نے عمدہ لغات القرآن کے نام سے ابتدائی سرکاری مدارس کے طلباء میں قرآنی ذوق پیدا کرنے کے لئے تصنیف و طبع کرایا تھا اور یہ اس زمانے کی بات ہے جب اس ہمارے ملک میں قرآن مجید کی طرف توجہ بالکل ابتدائی منزل میں تھی۔ اس کتاب کو اللہ تعالیٰ نے حسن قبول بخشا اور متعدد بار ہزارہا کی تعداد میں طبع ہوئی

اسی کتاب کو کارخانہ نور محمد نے اچھی شان کے ساتھ "صحیح لغات القرآن" کے نام سے چھاپا ہے۔

کتاب میں ہر لفظ کا اُردو سامنے ہے۔ مختلف مواقع میں مختلف معانی کی طرف بھی اشارہ ہے اور اس کو حروف تہجی کے اعتبار سے جمع کیا گیا ہے۔ مثلاً آپ کو "مرصد" کا لفظ تلاش کرنا ہے تو بجائے راء کے میم میں ملے گا۔ بعض مقامات پر لفظ کے سامنے واحد و جمع اور تذکیر و تانیث کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے۔ اگرچہ لغات قرآن پر اُردو میں بعض ضخیم کتابیں بھی آ رہی ہیں جن کے سامنے یہ کتاب شاید اہم نہ رہے تاہم قرآن مجید کے مبتدی طالبوں کے لئے یہ فی الجملہ مفید اور معاون ہے۔ خصوصاً اس لئے بھی کہ کارخانہ نور محمد نے اس کے آخر میں حافظ سیوطی کی الاتقان سے ماخوذ ایک تکملہ لگا دیا ہے، جس میں قرآن مجید کے غیر عربی الفاظ سے متعلقہ بحث اور ان کی تفصیلی فہرست دے دی گئی ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان میں سے ہر لفظ کس زبان کا ہے اور اس کے کیا معنی ہیں۔ ان الفاظ کی گنتی ۱۱۹ تک پہنچتی ہے۔ پھر ان کے بعد "وجوہ" یعنی وہ مشترک الفاظ جو متعدد معانی میں استعمال ہوتے ہیں اور "نظائر" یا ہم موافقت رکھنے والے مترادف اور ہم معنیٰ الفاظ کا تشریحی ذکر کر دیا ہے۔ اس تکملے سے کتاب کی افادی حیثیت بڑھ گئی ہے۔

کارپردازانِ کارخانہ نور محمد کی یہ قرآنی خدمت قابل قدر ہے۔ اصحاب ذوق کو کارخانہ کی حوصلہ افزائی کرنی

© rasailojaraid.com